سوال

(133) کیا امام قرآن ہاتھ میں پکڑ کر نماز تراویح میں سنا سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا امام قرآن ہاتھ میں پکڑ کر نماز تراویح میں سنا سکتا ہے، اور حدیث میں اس کا ثبوت ملتا ہے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر حافظ نہیں ملتا تو پڑھ سکتا ہے، یعنی قرآن مجید ہاتھ میں لے کر۔ (اخبار اہل حدیث لاہور جلد ۱ ش ۴۷ : ۱۱ شوال ۱۳۹۰ھ)

توضیح:

قیام اللیل صفحہ ۹۳ میں ہے۔

((ان ذکوان ابا عمر رضی اللہ عنہ وکانت عائشة اعتقته عن دبر فکان یؤمها ومن معها فی رمضان فی المصحف))

''یعنی ذکوان آزاد کردہ غلام مائی عائشہ رضی اللہ عنہا کا رمضان میں حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا اور اس کے خاندان کی امامت کراتا تھا۔ اور قرآن میں دیکھ کر قرأت کرتا۔ واللہ اعلم۔''
(الراقم علی محمد سعیدی خانیوال)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ علمائے حدیث

جلد 06 ص 359